54:سورۃالقَمَر

Flow Chart — *Macro Structure*

مکّیہ	آیات:55	پیراگراف:7

مرکزی مضمون:

کافروں کی اتحادی قوت کی ہزیمت وشکست کی پیش گوئی، مشرکین مکہ کو جرم تکذیب پر دھمکی۔ پچھلی پانچ (5) قوموں کی تکذیب کے نتیجے میں ہلاکت سے انذار۔ رسول اللہ ﷺ اور قرآن کی تکذیب کے بجائے، تصدیق کا مشورہ۔

پیراگراف:1

آیات 1 تا 8

مشرکین مکہ کی تکذیب

پیراگراف:2

آیات 9 تا 17

قومِ نوح کی تکذیب

پیراگراف:3

آیات 18 تا 22

قومِ عاد کی تکذیب

پیراگراف:4

آیات 23 تا 32

قومِ ثمود کی تکذیب

پیراگراف:5

آیات 33 تا 40

قومِ لوط کی تکذیب

پیراگراف:6

آیات 41 تا 42

آلِ فرعون کی تکذیب

پیراگراف:7

آیات 43 تا 55

مکذبین، مجرمین اور مصدقین متقین کا مختلف انجام

زمانۂ نزول:

سورۃ القمر ہجرت مدینہ سے پانچ چھ سال پہلے، غالبا 7 نبوی میں جب حضرت عائشہ کھیلا کرتی تھیں، رسول اللہ ﷺ کے قیام مکہ کے تیسرے دور (6 تا 10 نبوی) میں نازل ہوئی، جب آپ ﷺ پر (ساحر) ہونے کا الزام تھا۔ (شق القمر) کا واقعہ، جس کا ذکر پہلی آیت میں ہوا ہے، ہجرت سے 5 سال پہلے منیٰ کے مقام پر پیش آیا تھا۔ یہ آخری رسول ﷺ اور آخری کتاب کی آمد کے بعد قربِ قیامت کی دلیل ہے۔ یہ سورت (دورِ تکذیب) میں نازل ہوئی۔